Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 12 Short Questions Preparation

Q1. افراط آبادی کی تعریف کریں.

Ans 1: جب بڑھتی ہوئی آبادی اور وسائل میں تناسب برقرار نہ رہے ،لوگوں کی ضروریات زندگی پوری نہ ہو سکیں اور وہ معاشرے میں بنیادی سہولتوں کا فقدان اس وجہ سے پیدا ہو جائے اس کو افراطِ آبادی کہتے ہیں.آبادی کا معاشی وسائل کی رفتار سے زیادہ تیزی سے بڑھنا افراطِ آبادی کہلاتا ہے.

Q2. عصبیت کے دو نقصانات تحریر کریں.

Ans 1: 1.معاشرتی مسائل میں اضافہ : عصبیت معاشرے کی گروہ بندی کرتا ہے ،ہر گروہ کے عقائد ایک دوسرے سےمختلف ہوتے ہیں جس سے مختلف گروہوں میں تنافر پیدا ہو تا ہے اور معاشری مسائل میں اضافہ پیدا ہوتا ہے. 2.عصبیت مختلف معاشروں میں ایک دوسرے کے خلاف نفرت پیدا کرتی ہے جس سے وہ تصادم میں الجھ جاتے ہیں جس سے بعض اوقات جنگیں بھی ہوتی ہیں.

Q3. معاشرتی ادارہ کیا ہے؟

Ans 1: "معاشرتی ادارے سے مراد وہ سماجی ڈھانچہ اور کل پرزے ہیں جن کے ذریعے انسانی معاشرہ حاجات کی تسکین سے تعلق رکھنے والی مختلف سرگرمیوں کی تنظیم کہلاتا ہے اور انہیں عمل میں لاتا ہے."

Q4. چار ثانوی پیشوں کے نام تحریر کریں.

Ans 1: 1.نائی.4 دھوبی.3 درکھان.2 لوہار

Q5. عصبیت کے دو فوائد لکھیں.

Ans 1: 1.اتحادی قوت کو فروغ: عصبیت ایک ہی معاشرے کے افراد میں باہمی ہمدردی اور محبت اس لیے قائم کرتی ہے کہ ان سب کا وطن ایک ہے وہ سب ایک ملک کے باشندے ہیں ان سب کا مذہب مشترک ہے. 2.اختلاف کا خاتمہ:عصبیت کی وجہ سے معاشرے کے افراد دشمن کے مقابلے میں اپنے اختلاف بھول جاتے ہیں اور آپس میں بھائی بھائی بن کر رہتے ہیں اور دشمن کے خلاف کامیابی حاصل کرتے ہیں.

Q6. امام مسجد کے ذرائع آمدنی کیا ہیں؟

Ans 1: امام مسجد کے ذرائع آمدن درج ذیل ہیں 1.نماز جمعہ و عیدین پر نقدی تحفے 2.فصلوں کی کٹائی پر حصہ کی ادائیگی. 3.تعویز،جھاڑو پھونک و نکاح کی فیس 4.نرینہ اولاد کی پیدائش کے موقع پر تحفے تحائف 5.قربانی کی کھالوں سے ہونے والی آمدن

Q7. سادہ خاندان سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: سادہ خاندان میں ایک ہی خاندان کےافراد ہوتے ہیں،ایک مرد اس کی بیوی اور بچے اگر ہوں تو اس کو سادہ خاندان کہتے ہیں.

Q8. رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

Ans 1: رسمی تعلیم سے مراد وہ تعلیم ہے جو خصوصی سکول،کالج اور یونیورسٹیوں میں دی جاتی ہے اور جس میں اساتذہ اور طلباء کا کردار متعین ہوتا ہے.

Q9. ثقافتی اضافیت کی تعریف کریں.

Ans 1: کسی ثقافتی خاصے کی معنی اور فعلیت میں اس کے اپنے ثقافتی ماحول کے اعتبار سے اضافیت پائی جاتی ہے.

Q10. عصبیت کی تعریف کریں.

Ans 1: گیٹس نے عصبیت کی تعریف یوں کی ہے کہ . "عصبیت ایک جذباتی کردار ہے جس میں لوگ اپنے گروہ نسل ،مذہب معاشرے ،وطن اور خیالات کو دوسروں سے اچھا جانتے ہیں اور اس تصور سے دوسروں کی توہین و کمتری کو پہلو بھی ظاہر ہوتا ہے".